۱. Barclays Cycle Hire کیا ہے؟

لندن میں گھومنے پھرنے کے لئے سفر بذریعہ سائیکل ایک زبردست طریقہ ہے۔ یہ نہ صرف ایک تیز، سہل اور ماحول دوست طریقہ ہے، بلکہ آپ کو مطلوبہ مقامات کے بالکل قریب پہنچانے کا موقع بھی فراہم کرتا ہے۔ اورتو اور ہماری نئی سکیم بہت کفایتی بھی ہے۔

Barclays Cycle Hire (بارکلیز سائیکل ہائر اسکیم) وسطی لندن میں چھوٹے موٹے سفر کرنے کے لئے ہماری نئی سلف سروس والی عوامی مشترکہ سائیکل اسکیم ہے۔ یہ ہمارے اس منصوبے کا حصہ ہے جس کے تحت ہم لندن کو ایک سائیکل دوست شہر بنانے کی تگ و دو میں لگے ہوئے ہیں۔

شہر بھر میں 400 کے لگ بھگ سائیکل اڈوں سے آپ سارا سال اور چوبیس گھنٹے 6,000 سائیکلیں کرایے پر حاصل کر سکیں گے۔ کرنا بس آپ کو یہ ہے کہ جب آپ منزل پر پہنچ جائیں تو قریب ترین سائیکل اڈے پر سائیکل کھڑی کردیں۔

کسی بھی بکنگ کی ضرورت نہیں، بس ایک سائیکل لے کر اس پر سوار ہو جائیں!

سائیکل نکالنے کے لئے آپ کو ایک معمولی سی ایکسس فیس، اور سائیکل استعمال کرنے کا کرایہ دینا پڑے گا جس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ سائیکل کو کتنی دیر تک استعمال کریں گے۔ 30 منٹ سے کم کے استعمال کا **کوئی کرایہ نہیں ہے۔**

سائیکل کے استعمال تک رسائی (ایکسس) آپ دو طریقوں سے خرید سکتے ہیں:

- tfl.gov.uk/barclayscyclehire پر **بحیثیت ممبر (Member)** سائن اپ کیجیئے۔

یا

- **عارضی استعمال کنندگان (Occasional/Casual user)** کسی بھی Barclays Cycle Hire ٹرمینل سے، یا آن لائن tfl.gov.uk/barclayscyclehire پر ایک آدھ بار کے استعمال کے لئے ایکسس خریدیں۔

Barclays Cycle Hire



2. یہ کیسے کام کرتا ہے؟

ممبرز

- ایک ایسے ڈاکنگ پوائنٹ پر جائیں جہاں کوئی بتی نہیں جل رہی ہو
- ڈاکنگ پوائنٹ پر چابی والی جگہ میں اپنی ممبرشپ والی چابی داخل کیجئیے
- جب تک کہ آپ کے اکاونٹ کی تصدیق کی جارہی ہوتی ہے، پیلی بتی جلتی رہے گی
- جوں ہی ہری بتی جل جائے: اپنی سائیکل چھڑا لیجئے اور روانہ ہو جائیے
- اپنے سفر کے اختتام پر کسی بھی ڈاکنگ پوائنٹ (کھڑی کرنے کی جگہ) پر سائیکل دوبارہ کھڑی کر دیجئے، بس یہ اطمینان کر لیں کہ ڈاکنگ پوائنٹ کی بتی ہری ہوگئی ہے

عارضی استعمال کنندگان

- آن لاین یا کسی بھی سائیکل اڈے کے ٹرمینل سے ایکسس فیس خریدیں
- اپنی پسند والے سائیکل اڈے پر جائیے اور ٹرمینل سکرین پر مندرج ہدایات پر عمل کیجیئے۔
- آپ کو سائیکل چھڑانے کے لئے 5 اعداد پر مشتمل ایک کوڈ جاری کیا جائے گا
- سائیکل چھڑانے کے لئے یہ کوڈ اس ڈاکنگ پوائنٹ کے پیڈ پر ڈال دیں جہاں کوئی بھی بتی روشن نہ ہو
- کوڈ کی تصدیق کے دوارن پیلی بتی جلتی رہے گی
- جوں ہی ہری بتی جل جائے: اپنی سائیکل چھڑا لیجئے اور روانہ ہو جائیے
- اپنے سفر کے اختتام پر سائیکل دوبارہ کھڑی کر دیجئے، بس یہ اطمینان کر لیں کہ ڈاکنگ پوائنٹ کی بتی ہری ہوگئی ہے

اگر آپ کے قریبی سائیکل اڈے میں جگہ نہ ہو، تو ٹرمینل دوسرے اڈے کی طرف آپ کی رہنمائی کرے گا۔

اگر آپ چاہیں تو آپ رسید یا اپنے سفر کا ریکارڈ بھی طلب کر سکتے ہیں۔

مرمت

ہم اسکیم والی تمام جگھوں پر سے باقاعدگی سے سائیکل چیک کرنے کے لئے لے جایا کریں گے اور واپس لایا کریں گے اور مرمت طلب سائیکلوں کی مرمت کیا کریں گے۔ اگر آپ کی سائیکل خراب ہو جائے تو اسے قریبی ڈاکنگ پوائنٹ پر کھڑا کر دیجئیے اور 'خراب ہے' والا (فالٹ) بٹن دبا دیجئیے۔

3. اس پر پیسے کتنے لگیں گے؟

سائیکل کرایہ پر لینے کے لئے درج ذیل تفصیل ملاحظہ کیجیئے۔

ایکسس فیس

اسکیم کے استعمال کے لئے	
24 گھنٹے	£1
7 دن	£5
1 سال (صرف اسکیم کے ممبرز کے لئے)	£45

اپنے منتخب کردہ ایکسس پیریڈ کے دوران آپ جتنے مرضی چکر لگا سکتے ہیں۔

دیگر چارجز	
سائیکل دیر سے واپس کرنے کا جرمانہ	£150
سائیکل کو نقصان پہنچانے کا جرمانہ	£300 تک
سائیکل واپس نہ کرنے کا جرمانہ	£300

تمام فیسیں اور چارجز ممبرز او عارضی استعمال کنندگان کے لئے یکساں ہیں۔

ادائیگی کے طریقے

ممبرز آن لائن ایکسس خرید سکتے ہیں، جبکہ عارضی استعمال کنندگان آن لائن یا ٹرمینل پر Visa یا Mastercard کریڈٹ کارڈ یا debit card کے ذریعے ایکسس خرید سکتے ہیں۔

استعمال کے چارجز آپ کے ایکسس پیریڈ (access period) کے اختتام پر آپ کے کھاتے (account) سے منہا کر لئے جائیں گے اور یا پھر اس وقت جب استعمال کے چارجز اپنی زیادہ سے زیادہ حد کو پہنچ جائیں جو کہ £50 ہے۔

ٹرمینل نقد ادائیگی یا Oyster کارڈ قبول نہیں کرتے۔

+

استعمال کے چارجز

30 منٹ تک	مفت
اور اس کے بعد	
1 گھنٹے تک	£1
1 گھنٹے اور 30 منٹ تک	£4
2 گھنٹے تک	£6
2 گھنٹے اور 30 منٹ تک	£10
3 گھنٹے تک	£15
6 گھنٹے تک	£35
24 گھنٹے تک (زیادہ سے زیادہ فیس)	£50

ہر سفر کے ابتدائی 30 منٹ مفت ہیں، جس کے بعد آپ کو استعمال کا چارج دینا پڑے گا، جس کا حساب سائیکل کو نکالنے اور واپس کرنے کے بیچ والے وقت سے کیا جائے گا۔

ایکسس خریدنے کے لئے آپ کی عمر 18 سال یا زیادہ ہونی چاہیئے، اگرچہ کوئی بھی شخص جس کی عمر 14 سال یا زیادہ ہو سائیکل استعمال کر سکتا ہے اور چابی رکھ سکتا ہے۔ آپ سائیکل کو اپنی ایکسس پیریڈ کے دوران جتنی بار چاہیں لے سکتے ہیں۔

✓ **نوٹ: آپ سارا دن صرف 1 پاونڈ پر بہت سارے چکر لگا سکتے ہیں، اگر ان میں ہر ایک کا دورانیہ 30 منٹ سے کم ہو۔**

4. ممبر بننے کے فوائد کیا ہیں؟

Barclays Cycle Hire کی بحیثیت ممبر رجسٹریشن کے بہت سارے فوائد ہیں:

- آپ 24 گھنٹے، 7 دن یا پھر پورے سال کے لئے ایکسس خرید سکتے ہیں۔
- سائیکل تک تیز تر اور آسان ایکسس (رسائی) حاصل کرنے کے لئے آپ کو ایک چابی ملے گی۔ ٹرمینل پر قطار میں لگنے کی ضرورت نہیں ہے، بس سائیکل چھڑائیے اور روانہ ہو جائیے۔
- اپنے خاندان اور دوستوں کو بھی ایکسس اور ان کی اپنی چابیاں دلوائیے (زیادہ سے زیادہ 3 اضافی استعمال کنندگان)
- آپ فیس کی تجدید خودکار (آٹومیٹک) طریقے سے بھی کرواسکتے ہیں، جس کا مطلب ہے کہ آپ کی ایکسس کبھی بھی ختم (ایکسپائر) نہیں ہوگی۔
- ڈایریکٹ ڈیبٹ (Direct Debit) یا کارڈ کے ذریعے ادائیگی کی سہولت حاصل کیجیئے
- اپنے اکاونٹ اور ایکٹیویٹیز پر آن لاین نظر رکھیں

سالانہ ایکسس

صرف £45 کے عوض آپ اس اسکیم کو سال کے ہر دن استعمال کرسکتے ہیں۔ اگر آپ Barclays Cycle Hire کو باقاعدگی سے استعمال کرتے ہیں تو یہ 24 گھنٹوں یا 7 دنوں کے ایکسس کے مقابلے میں بہت زیادہ سستا ہے۔

ممبرشپ کی چابی

ممبرشپ کی چابی کے لئے صرف **£3** کی ایک باروالی فیس دیجیئے اور ٹرمینل کے استعمال سے نجات پائیے۔

5. احتیاط، ٹریننگ اور خود سائیکل کے بارے میں

اگر آپ وسطی لندن میں پہلی بار سائیکل چلا رہے ہیں یا آپ محسوس کرتے ہیں کہ ریفریشر کورس آپ کے لئے سودمند رہے گا، تو آپ سائیکل ٹریننگ کے ذریعے اپنے اعتماد میں اضافہ کرسکتے ہیں۔

ٹریننگ (تربیت)

یہ یقینی بنانے کے لئے کہ آپ کے پاس مطلوبہ مہارت اور خوداعتمادی ہو، تاکہ لندن میں سائیکل چلانے سے پوری طرح سے لطف اندوز ہوں، سائیکل ٹریننگ ایک بہت ہی زبردست طریقہ ہے۔ ہم لندن کے تمام boroughs کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں تاکہ بالغان کو مفت یا پھر رعایتی نرخوں پر سائیکل ٹریننگ مہیا کریں۔

تربیت کی سہولت آپ کے boroughs میں مقامی طور پر دستیاب ہے جسے نیشنل سٹینڈرڈز (National Standards) کے تربیت یافتہ انسٹرکٹرز دیتے ہیں۔

آپ تربیت کی سہولت tfl.gov.uk/cycletraining پر ان boroughs میں ڈھونڈ سکتے ہیں جہاں آپ رہتے ہیں، کام کرتے ہیں یا پڑھتے ہیں۔

تاکہ ہر ایک اس اسکیم سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھا سکے، آپ کو ہمارے قواعدوضوابط پر عمل کرنا ہوگا۔

سائیکل (کی دیکھ بھال)

سائیکل میں اس طرح کی چیزیں نصب ہیں جو اسے چوری ہونے یا نقصان پہنچنے سے بچاتی ہیں۔ ہیلمٹ اور تالے مہیا نہیں کئے جاتے۔ یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ استعمال کے دوران اپنے سائیکل کی حفاظت کریں۔ اگر آپ سواری نہیں کر رہے، تو اسے (ڈاکنگ پوائنٹ پر) کھڑا کر دیں۔

اسکیم استعمال کرنے والوں کے لئے قواعد و ضوابط Barclays Cycle Hire

اپنی سواری اور لندن سے محظوظ ہونے کے لئے

✓ کرنے والی چیزیں



1. دوسری گاڑیوں اور پیدل چلنے والوں پر **نظر رکھیئے** اور اپنے ارادوں کا واضح اظہار ہاتھ کے ذریعے اشاروں سے **کیجیئے**
2. لاریوں کے پاس بہت **ہی احتیاط سے کام لیں** اور ٹریفک کے اشاروں پر یا ان سے ذرا پہلے کبھی بھی ان کے بائیں جانب سے آگے نکلنے کی کوشش مت کیجیئے
3. جہاں کہیں ممکن ہو مختص شدہ سائیکل لینز (designated cycle lanes) **استعمال کیجیئے**
4. رات کے وقت روشنی منعکس کرنے والے یا چمکدار جیکٹ **ضرور پہنیئے** تاکہ آپ لوگوں کو نظر آسکیں

5. **یہ اطمینان کر لیجیئے کہ سائیکل سڑک پر چلانے کے قابل ہے** (مثال کے طور پر اس کے ٹائر، بریک، گدی اور گھنٹی وغیرہ چیک کریں)
6. سائیکل کو چوری ہونے سے بچانے کے لئے اسے ڈاکنگ پوائنٹ پر صحیح طریقے سے کھڑا کرنے کا **اطمینان کر لیجیئے**

7. متروکہ سائیکلوں کی اطلاع رابطہ مرکز (Contact Centre) (0845 026 3630) کو **فون کر کے کیجیئے**
8. سائیکل ٹریننگ کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنے کے لئے tfl.gov.uk/cycletraining **پر ضرور جائیے**

9. شاہراہوں کے ضوابط (Highway Code) کی **ہمیشہ پاسداری کیجیئے** (direct.gov.uk/highwaycode)
10. سائیکل والا ہیلمٹ پہننے کے بارے میں **ضرور سوچیئے**

✗ نہ کرنے والی چیزیں





11. لال بتی پر سے کبھی بھی سائیکل **مت گزاریئے**- یہ خطرناک اور خلاف قانون ہے
12. جب تک فٹ پاتھ پر مشترکہ استعمال (shared use path) والا سائن نہ ہو تو وہاں پر سائیکل **مت چلائیے**

13. یکطرفہ سڑک پر **غلط طرف سے** سائیکل **مت چلایئے**، جب تک وہاں پر واضح طور پر لکھا نہ ہو کہ یہ سائیکل والوں کے لئے دو طرفہ ہے
14. اس وقت تک **اوورٹیک مت کیجیئے**، جب تک کافی جگہ نہ ہو اور ایسا کرنا محفوظ بھی ہو
15. چلتی گاڑیوں کے **بہت قریب** سائیکل مت چلایئے
16. پارک شدہ گاڑیوں کے **بالکل قریب سے** بھی مت گزریئے ایسا نہ ہو کہ وہ اچانک دروازہ کھول دیں

17. سائیکل چلاتے وقت **موبایل فون یا ائیر فون** استعمال مت کیجیئے
18. **شراب یا منشیات کے زیر اثر** سائیکل مت چلائیے
19. سائیکل کو **اپنے سے الگ نہ کیجیئے**، اگر آپ اس کو استعمال نہیں کر رہے تو اسے واپس کیجیئے

20. سائیکل پر اپنے ساتھ کسی دوسرے بندے کو **سوار مت کیجیئے** اور نہ ہی اس کی ٹوکری میں جانور/ کوئی وزنی چیز لے جائیے

اور آخر میں یہ بات یاد رکھیں کہ اگر آپ یو کے میں مہمان (ویزیٹر) ہیں تو سائیکل بائیں ہاتھ پر چلائیں-

شروعات کہاں سے کی جائے؟

بحیثیت ممبر رجسٹریشن کیجیئے، اپنی ایکسس فیس کی ادائیگی کیجیئے، یہ اور Barclays Cycle Hire کی تازہ ترین معلومات جانیئے ہماری ویب سائٹ: **tfl.gov.uk/barclayscyclehire** پر

فون کیجیئے Barclays Cycle Hire رابطہ مرکز کو: **0845 026 3630** پر اور اگر آپ یوکے سے باہر سے فون کررہے ہیں تو برائے مہربانی **+44 (0)20 8216 6666** پر فون کریں

ویب سائٹ
tfl.gov.uk

24 گھنٹے سفر کے متعلق معلومات کے لئے
0843 222 1234*

*اگر آپ بی ٹی کے لینڈ لائن سے فون کررہے ہیں تو کال پر زیادہ سے زیادہ 5p خرچہ آئے گا تاہم کنیکشن چارجز لاگو ہوں گے۔ موبایل اور دوسرے لینڈ لائن فراہم کنندگان کے ریٹ مختلف ہو سکتے ہیں